## ایم کیوایم کے وفد کی کشمیری حریت رہنما یٰسین ملک کی تقریب نکاح میں شرکت، الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد دی

اسلام آباد۔۔۔22، فروری 2009ء۔۔۔کشمیری حریت رہنما یٰسین ملک کی تقریب نکاح میں ایم کیوایم کے سینیٹر کرنل (ر) طاہر مشہدی، رکن قومی اسمبلی شیخ صلاح الدین اور رکن سرحد آرگنائزنگ کمیٹی نوید خان نے شرکت کی اور متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے یٰسین ملک کو رشتہ ازدواج میں منسلک ہونے پر دلی مبارکباد دی اور قائد تحریک الطاف حسین کی دعاؤں اور نیک خواہشات کا پیغام بھی پہنچایا۔یٰسین ملک نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین اور نمائندہ وفد کا شکریہ ادا کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کیلئے نیک خواہشات کا پیغام دیا۔

## بابر غوری، طاہر مشہدی، شیخ صلاح الدین اور عادل صدیقی نے چوہدری شجاعت حسین کی والدہ کے سوئم میں شرکت کی

کراچی۔۔۔22، فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست وفاقی وزیر سینیٹر بابر خان غوری اور سینیٹر کرنل طاہر مشہدی، کی سربراہی میں ایم کیوایم کے نمائندہ وفد نے چوہدری شجاعت حسین کی والدہ کے فاتحہ سوئم میں شرکت کی اور مرحومہ کے انتقال پر چوہدری شجاعت حسین اور چوہدری پرویز الٰہی سمیت سوگوار اہل خانہ سے اپنی اور قائد تحریک جانب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا اور مرحومہ کی مغفرت، ان کے بلند درجات کیلئے فاتحہ خوانی اور سوگواران کیلئے صبر جمیل دعائیں کیں۔وفد کے ارکان میں حق پرست رکن قومی اسمبلی شیخ صلاح الدین اور صوبائی وزیر عادل صدیقی کے علاوہ ایم کیوایم پنجاب کے ذمہ داران بھی موجود تھے۔

## وزیراعظم آزاد کشمیر سردار یعقوب کا کراچی ائیر پورٹ پر ایم کیوایم کی جانب سے شاندار استقبال

کراچی۔۔۔22، فروری 2009ء۔۔۔وزیراعظم آزاد کشمیر سردار یعقوب کے دورۂ کراچی کے سلسلے میں جیسے ہی کراچی ائیر پورٹ پہنچے پر آزاد کشمیر اسمبلی میں حق پرست گروپ کے پارلیمانی لیڈر و حکومتی وزیر طاہر کھوکھر، آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر سلیم بٹ، حق پرست صوبائی وزراء عبدالرؤف صدیقی، شیخ محمد افضل، وزیراعلیٰ سندھ کے مشیر و حق پرست رکن سندھ اسمبلی خواجہ اظہارالحسن اور اراکین قومی وصوبائی اسمبلی انجینئر فرحت حسین، خورجہ سہیل منصور، نشاط ضیا، وسیم احمد، نثار پنہور، حنیف شیخ، رضا حیدر اور وزیراعلیٰ سندھ کے مشیر غلام حیدر را ہونے ان کا کراچی ائیر پورٹ پہنچنے پر پرتپاک استقبال کیا اور متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے انہیں پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔وزیراعظم آزاد کشمیر نے اپنے استقبال پر متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین اور ایم کیوایم کی قیادت کا شکریہ ادا کیا اس موقع پر ایم کیوایم آزاد کشمیر کے سینکڑوں کارکنان بھی موجود تھے۔

## کشمیریوں نے قیام پاکستان سے قبل ہی پاکستان کے ساتھ الحاق کی قرارداد منظور کر کے اپنا مستقبل پاکستان کے ساتھ وابستہ کر دیا تھا، وزیراعظم آزاد کشمیر

## ہم آزاد کشمیر میں قائم اتحادی حکومت کو مخلصانہ طور پر چلانا چاہتے ہیں، طاہر کھوکھر

## حق پرست نمائندوں نے اقتدار میں آتے ہی کراچی میں مقیم کشمیریوں کے مسائل حل کئے، ڈپٹی سپیکر آزاد کشمیر سلیم بٹ

## دورہ کراچی کے دوران اختر کالونی میں ہزاروں کشمیریوں کے جلسہ عام سے خطاب

کراچی۔۔۔22 فروری 2009ء وزیراعظم آزاد کشمیر سردار یعقوب خان نے کہا ہے کہ کشمیریوں نے سرینگر میں قیام پاکستان سے قبل ہی کشمیر کے پاکستان کے ساتھ الحاق کی قرارداد منظور کر کے اپنا مستقبل پاکستان کے ساتھ وابستہ کر دیا تھا۔جب پاکستان میں ڈیم نہیں بنانے دیئے جارہے ہیں ایسے میں کشمیریوں نے اپنے آباؤ اجداد کی قبروں میں پانی بھر کر منگلا ڈیم بنانے دیا کیوں کہ ہم کشمیری پاکستان کی سلامتی اور تحفظ کیلئے جان بھی قربان کر سکتے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے دورہ کراچی کے دوران اختر کالونی میں ہزاروں کشمیریوں کے جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔جلسہ عام میں ایم کیوایم، پیپلز پارٹی، کشمیر رابطہ کونسل، مسلم کانفرنس سمیت دیگر جماعتوں کے کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔وزیراعظم آزاد کشمیر نے کہا کہ کراچی میں جس طرح ایم کیوایم کے وزراء، ممبران قوامی وصوبائی اسمبلی اور سیکڑوں کارکنان نے استقبال کیا اس پر میں قائد تحریک الطاف حسین سمیت تمام قیادت کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔آزاد کشمیر میں حالیہ ان ہاؤس تبدیلی میں جس طرح متحدہ قومی مومنٹ نے اپنا کردار ادا کیا وہ مثالی ہے ایم کیوایم کی جدوجہد سے

سیاحت کا سال قرار دیا ہے میں دورہ کراچی کے دوران کاروباری اور سرمایہ کار طبقہ سے ملوں گا اوران کو آزاد کشمیر میں سیاحت، پن بجلی سمیت دیگر شعبوں میں سرمایہ کاری کیلئے تیار کروں گا انہوں نے مزید کہا کہ کراچی میرا گھر ہے جہاں میرا بچپن جوانی گزری ہے لوگ کہتے ہیں کہ کراچی غیر محفوظ علاقہ ہے، لیکن میں یہ کہتا ہوں کہ کراچی پر امن شہر ہے جہاں لاکھوں کشمیری ملازمتیں اور کاروبار کررہے ہیں۔ جلسہ عام سے آزاد کشمیر اسمبلی میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر و وزیر سیاحت اسپورٹس یوتھ اینڈ کلچر طاہر کھوکھر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم کراچی سے کشمیر تک منظم اور متحد قومی جماعت ہے جس کا یہ ثبوت ہے کہ آج جس طرح ایم کیو ایم کے کارکنان نے جس طرح وزیر اعظم کا استقبال کیا اس سے یہ ثابت ہو گیا ہے کہ ہم آزاد کشمیر میں قائم اتحادی حکومت کو مخلصانہ طور پر چلانا چاہتے ہیں طاہر کھوکھر نے کہا کہ ایم کیو ایم نے آزاد کشمیر میں اڑھائی سال تک بھرپور اپوزیشن کی اور سابقہ حکومت کی کرپشن کو بے نقاب کیا اور ہم عوام کے مسائل کے حل کیلئے اب حکومت میں شامل ہو کر بھرپور کوشش کررہے ہیں گزشتہ اڑھائی سالوں میں میں نے کراچی اور کشمیر کے درمیان 55 سفر کئے اب کراچی میں کشمیری لاوارث نہیں بلکہ ایم کیو ایم ان کی پشت پر ہے ایم کیو ایم پہلی دفعہ کشمیر اسمبلی میں گئی ہے اور جس نے اپنا مثبت کردار ادا کر کے یہ ثابت کر دیا ہے کہ ہم عوام کے نمائندگی کرتے ہیں۔ جلسہ عام سے آزاد کشمیر کے حق پرست ڈپٹی سپیکر سلیم بٹ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے جس طرح اقتدار میں آتے ہی کراچی میں مقیم کشمیریوں کے مسائل حل کرنا شروع کر دیئے ہیں ماضی میں اس کی مثال نہیں ملتی کراچی میں کشمیر کمیونٹی سنٹر جلد قائم کیا جارہا ہے جس کی تعمیر کیلئے زمین بھی حاصل کر لی گئی ہے اب جب کشمیر میں قومی حکومت قائم ہوئی ہے اس نے کراچی میں مقیم کشمیریوں کے مسائل میں دلچسپی لینا شروع کر دی ہے۔ جلسہ عام سے پیپلز پارٹی کے رہنماؤں قاضی بشیر، چوہدری مقبول، کشمیر رابطہ کونسل اور مسلم کانفرنس کے رہنماؤں نے بھی خطاب کیا۔

## کراچی ایئر پورٹ پر وزیر اعظم آزاد کشمیر سردار یعقوب کا شاندار استقبال بڑے جلوس کی شکل میں قائد اعظم کے مزار لایا گیا

## وزیر اعظم آزاد کشمیر سردار یعقوب خان کے دورہ کراچی کی جھلکیاں

کراچی۔۔22 فروری 2009ء۔۔۔

☆ وزیر اعظم آزاد کشمیر سردار یعقوب خان کے استقبال کیلئے ایم کیو ایم کے آزاد کشمیر اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر ڈپٹی سپیکر سلیم بٹ اور ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے کارکنان صبح سے ہی ایئر پورٹ پہنچنا شروع ہو گئے تھے۔

☆ جب وزیر اعظم آزاد کشمیر کراچی پہنچے تو حق پرست صوبائی وزیر عبدالرؤف صدیقی، شیخ محمد افضل، وزیر اعلیٰ کے مشیر اور رکن سندھ اسمبلی خواجہ اظہار الحق، حق پرست اراکین قومی و صوبائی اسمبلی انجینئر فرحت خان، خواجہ سہیل منصور، نشاط ضیاء، وسیم احمد، نثار پنہور، حنیف شیخ، رضا حیدر اور وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر غلام حیدر راہو نے ان کا شاندار استقبال کیا اور قائد تحریک الطاف حسین کی طرف سے وزیر اعظم کو گلدستہ پیش کیا۔

☆ وزیر اعظم آزاد کشمیر جب ایئر پورٹ سے باہر آئے تو متحدہ قومی موومنٹ کے کارکنان جنہوں نے جھنڈے بینر پلے کارڈ اور قائد تحریک کی تصاویر اٹھا رکھی تھیں پھولوں کی پتیاں نچھاور کر کے استقبال کیا۔

☆ وزیر اعظم سردار یعقوب کو ایک بڑے جلوس کی شکل میں مزار قائد اعظم تک لایا گیا جلوس میں ایم کیو ایم، پیپلز پارٹی، مسلم کانفرنس کے کارکنان کی بڑی تعداد شامل تھی۔ وزیر اعظم نے پھولوں کی چادریں چڑھائیں فاتحہ پڑھی اور بعد میں کتاب میں تاثرات درج کئے۔

☆ وزیر اعظم آزاد کشمیر نے عبداللہ شاہ غازی کے مزار پر بھی حاضری دی اور فاتحہ پڑھی حق پرست وزیر سیاحت آزاد کشمیر طاہر کھوکھر، ڈپٹی سپیکر سلیم بٹ اور وزیر محکمہ برقیات آزاد کشمیر ڈاکٹر محمود ریاض وزیر اعظم کے ساتھ ساتھ رہے۔

☆ وزیر اعظم آزاد کشمیر نے ایئر پورٹ، مزار قائد پر پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا سے خصوصی گفتگو بھی کی۔

☆ وزیر اعظم آزاد کشمیر سردار یعقوب خان جب وزیر سیاحت آزاد کشمیر طاہر کھوکھر حق پرست ڈپٹی سپیکر سلیم بٹ سمیت دیگر کے ہمراہ کشمیری کمیونٹی کے جلسہ عام سے خطاب کرنے کیلئے اختر کالونی پہنچے تو ہزاروں لوگوں نے ان کا شاندار استقبال کیا۔

## پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر کے کارکن ناصر صدیق علالت کے باعث انتقال کر گئے، الطاف حسین کا اظہار افسوس

## مرحوم کو سپرد خاک کر دیا گیا، نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیو ایم کے نمائندوں کی شرکت

کراچی۔۔۔22،فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر گارڈن یونٹ کے جواں سال کارکن ناصر صدیق گزشتہ روز شوگر بڑھ جانے سے اچانک انتقال کر گئے۔(اناللہ وانا الیہ راجعون)مرحوم کی عمر 43 سال تھی اور شادی شدہ تھے انہوں نے سوگواران میں بیوہ، بیٹا اور دو بہنیں چھوڑی ہیں۔ناصر صدیق عرصہ دراز سے ذیبطس کے مرض میں مبتلا تھے کہ گزشتہ روز شوگر چیک کروانے اسپتال گئے اور ذیبطس بڑھ جانے سے ان کی حالت خراب ہوگئی اور ڈاکٹروں کی تمام کوششوں کے باوجود وہ اپنے خالق حقیقی سے جاملے۔دریں اثناء ناصر صدیق مرحوم کو میوہ شاہ قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا مرحوم کی نماز جنازہ فردوس مسجد پاکستان کواٹر میں ادا کی گئی،نماز جنازہ اور تدفین میں ٹاؤن ناظم، یوسی ناظمین،کونسلرز، پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر کمیٹی کے ارکان،علاقائی یونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کی عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔دریں اثناء ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر کے کارکن ناصر صدیق کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے اور ناصر صدیق مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ناصر صدیق مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## متحدہ قومی موومنٹ سیاسی جماعت نہیں بلکہ ایک سچا نظریہ ہے، پی پی اوسی
## ایم کیوایم کو ختم نہیں کیا جاسکتا،ملیر ٹاؤن میں کارکنان کی تربیتی نشست سے خطاب

کراچی۔۔۔22،فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی پنجابی پختون آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج گلفراز خان اور مرکزی کمیٹی کے اراکین معروف حسین،فیض الرحمان اور زرین الرحمان نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک کی بقاء اور سلامتی کیلئے کام کررہی ہے یہ کوئی سیاسی جماعت نہیں بلکہ ایک سچا نظریہ ہے جو 98 فیصد غریب ومتوسطہ سے تعلق رکھنے والے عوام کے دلوں میں پوری طرح محفوظ ہے، ماضی میں ایک سازش کے تحت ایم کیوایم کو ختم کرنے کیلئے بدترین ریاستی آپریشن کیا گیا اور ہمارے پندرہ ہزار سے زائد کارکنان کو ماورائے عدالت قتل کیا گیا تاہم آج ایم کیوایم پہلے سے زیادہ مضبوط اور مستحکم ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ملیر ٹاؤن یوسی 7 میں کارکنان کی تربیتی نشست سے خطاب کے موقع پر کیا۔تربیتی نشست کا اہتمام پی پی اوسی کی جانب سے کیا گیا جس میں ملیر ٹاؤن کے مختلف گوٹھوں سے تعلق رکھنے والے پنجابی، پختون، سندھی، کشمیری، سرائیکی، گلگتی اور ہزارہ وال سمیت مختلف برادریوں سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اپنے خطاب میں پی پی اوسی کے انچارج واراکین نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ملک کی بقاء اور سلامتی کیلئے ایم کیوایم کی بنیاد رکھی تاکہ ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ وڈیرانہ نظام کے خاتمہ ہو اور ملک میں غریب ومتوسطہ طبقے کی صورت میں صحیح اور سچی حکمرانی قائم کی جاسکے۔انہوں نے کہا کہ آج ایم کیوایم کا نظریہ ملک کے کونے کونے میں پھیل چکا ہے اور تمام قومیتوں کے لوگ جوق در جوق ایم کیوایم کی جدوجہد کا حصہ بن رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اگر ہم نے اپنے بنیادی اصولوں پر عمل نہ کیا تو تحریک میں ہم وہ مقام حاصل نہیں کرپائیں گے جس کا درس ہمیں قائد تحریک الطاف حسین نے دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ آج بھی ایم کیوایم کیخلاف کسی نہ کسی صورت میں سازشیں جاری ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایسے حالات میں تمام کارکنان پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے لہٰذا تمام کارکنان قائد تحریک الطاف حسین کے نظریئے کی پاسداری کریں اور حالات پر نظر رکھیں اور تنظیمی لٹریچر کا بغور مطالعہ کریں۔

## ناصر صدیق،سید عبدالعزیز، ماجد علی خان،محمد یوسف اور عبدالغفار کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔22،فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر گارڈن یونٹ کے کارکن ناصر صدیق،ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 136 کے جوائنٹ انچارج سید عبدالحنیف کے بھائی سید عبدالعزیز،اے پی ایم ایس او جامعہ کراچی سیکٹر اے کے سابق آرگنائزر محسن علی خان کے والد ماجد علی خان،ایم کیوایم لیاری سیکٹر یونٹ 31 کے کارکن محمد فارق یوسف کے والد محمد یوسف،ایم کیوایم لیبر ڈویژن پاکستان مشن ٹول فیکٹری کے یونٹ انچارج اقبال احمد کے بھائی اور ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر یونٹ 186 کے کارکن عبدالرحیم کے والد عبدالغفار کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے تمام مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل دے۔(آمین)

## سمندر پار پاکستانیوں کے وفاقی وزیر ڈاکٹر فاروق ستار دوروزہ دورے پر ناروے پہنچ گئے

اوسلو۔۔ 22 فروری 2002ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اور سمندر پار پاکستانیوں کے وفاقی وزیر ڈاکٹر فاروق ستار دوروزہ دورے پر ناروے پہنچ گئے جہاں وہ ناروے کی وزارت خارجہ کے حکام سے ملاقات کے علاوہ پیر 23 فروری کو پاکستان ویلفیئر آرگنائزیشن ناروے کے تعاون سے منعقد سیمنار اور ناروے میں مقیم پاکستانیوں کے ایک بڑے اجتماع سے بھی خطاب کریں گے۔اپنے دورے میں ڈاکٹر فاروق ستار ناروے میں مقیم پاکستانیوں سے ملاقات کریں گے۔

☆☆☆☆☆